## سابق وزیراعلیٰ پنجاب اور قومی اسمبلی میں مسلم لیگ ق کے پارلیمانی لیڈر

## چوہدری پرویز الٰہی کی لندن میں ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین سے ملاقات

## پاکستان میں تسلسل کے ساتھ ہونے والی دہشت گردی، خودکش بم دھماکوں، سنگین معاشی بحران اور ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال کے بارے میں تفصیلی بات چیت

## پاکستان انتہائی نازک صورتحال سے دوچار ہے، تمام سیاسی ومذہبی جماعتیں ملک کو بچانے کیلئے اپنے تمام تر سیاسی اختلافات کو پس پشت ڈال کر اتحاد ویکجہتی کا مظاہرہ کریں۔ ملاقات میں دونوں رہنماؤں کا اتفاق رائے

## ملک کو بچانے کے ایک نکاتی ایجنڈے پر تمام جماعتوں کا یکجا ہونا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ الطاف حسین

## تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں پر مشتمل گول میز کانفرنس بلانے کی تجویز کی تائید کرتے ہیں۔ چوہدری پرویز الٰہی

لندن۔۔۔10 اکتوبر 2008ء

سابق وزیراعلیٰ پنجاب اور قومی اسمبلی میں مسلم لیگ ق کے پارلیمانی لیڈر چوہدری پرویز الٰہی نے ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین سے ملاقات کی۔ سابق وفاقی وزیر سینیٹر طارق عظیم اور رکن پنجاب اسمبلی مونس الٰہی بھی انکے ہمراہ تھے۔ ملاقات ساڑھے تین گھنٹے تک جاری رہی جس کے دوران پاکستان میں تسلسل کے ساتھ ہونے والی دہشت گردی، خودکش بم دھماکوں، پاکستان کے سنگین معاشی بحران اور ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال کے بارے میں تفصیلی بات چیت کی گئی۔ ملاقات میں اسلام آباد، بھکر اور ملک کے مختلف شہروں میں ہونے والے خودکش بم دھماکوں کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی اور ان دھماکوں میں بے شمار معصوم وبے گناہ شہریوں کے جاں بحق ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا گیا۔ ملاقات میں ملک کی بگڑتی ہوئی معاشی صورتحال پر بھی سخت تشویش کا اظہار کیا گیا۔ ملاقات میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ پاکستان اس وقت انتہائی نازک صورتحال سے دوچار ہے، ایک طرف تو ملک کے مختلف شہروں میں بم دھماکے اور خودکش حملے ہورہے ہیں، دوسری طرف ملک کی معیشت دن بدن بد سے بدتر ہوتی جارہی ہے، ملک کے عوام غربت وافلاس اور کمرتوڑ مہنگائی کے باعث خودکشی کرنے پر مجبور ہیں اور ملک کو دہشت گردی کے ساتھ ساتھ بگڑتی ہوئی معیشت، آٹے، بجلی اور مختلف قسم کے سنگین بحرانوں کا سامنا ہے۔ ملاقات میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ ملک کو درپیش خطرات اور نازک صورتحال کا تقاضہ ہے کہ تمام سیاسی ومذہبی جماعتیں ملک کو سنگین بحرانوں سے نکالنے اور ملک کو بچانے کیلئے اپنے تمام تر سیاسی اختلافات کو پس پشت ڈال کر اتحاد ویکجہتی کا مظاہرہ کریں۔ جناب الطاف حسین نے اس موقع پر کہا کہ ملک کو بچانے کے ایک نکاتی ایجنڈے پر تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کا یکجا ہونا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ چوہدری پرویز الٰہی نے اس سلسلے میں جناب الطاف حسین کی جانب سے تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں پر مشتمل گول میز کانفرنس بلانے کی تجویز کی بھی مکمل تائید کی اور اسے وقت کی ضرورت قرار دیا۔ چوہدری پرویز الٰہی، سینیٹر طارق عظیم اور رکن پنجاب اسمبلی مونس الٰہی نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ ملک کی موجودہ زبوں حالی پر آپ کو جو تشویش ہے اور ملک کی بقاء وسلامتی کے بارے میں آپ کی جس فکر وخیالات کا آج ہم نے عینی مشاہدہ کیا ہے اس پر ہم آپ کو سلام تحسین پیش کرتے ہیں اور ہمیں یقین ہے کہ آپ مستقبل میں ملک کو موجودہ درپیش مشکلات اور دیگر بحرانوں سے نکالنے کیلئے اپنا مثبت اور مؤثر کردار ادا کرتے رہیں گے اور ملک کی تمام محبّ وطن قوتیں آپ کے ساتھ تعاون کرتے ہوئے اپنے اتحاد کے ذریعے ملک کی سلامتی کو برقرار رکھنے میں انشاءاللہ کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گی۔ جناب الطاف حسین نے چوہدری پرویز الٰہی، سینیٹر طارق عظیم اور رکن پنجاب اسمبلی مونس الٰہی کا انٹرنیشنل سیکریٹریٹ آمد پر شکریہ ادا کیا۔ ملاقات میں جناب الطاف حسین کے بڑے بھائی اقبال حسین، ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان محمد انور، سید طارق میر، طارق جاوید، سلیم شہزاد، جاوید کاظمی، آصف صدیقی، مصطفیٰ عزیز آبادی، وسیم آفتاب، شکیل عمر، قاسم علی رضا، سینیٹ میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر بابر غوری اور صوبائی وزیر عادل صدیقی بھی موجود تھے۔

## اورکزئی ایجنسی میں خودکش بم دھماکہ پر الطاف حسین کا اظہار مذمت

## اسلام سمیت دنیا کا کوئی مذہب اور قرآن مجید سمیت کوئی بھی الہامی کتاب معصوم انسانوں کا خون بہانے کا درس نہیں دیتی

## خودکش بم دھماکوں اور بے گناہ مسلمانوں کے خون کی ہولی سے پوری دنیا میں اسلام اور مسلمانوں کا امیج خراب ہورہا ہے

لندن۔۔۔10 اکتوبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اورکزئی ایجنسی میں خودکش بم دھماکہ اور 30 سے زائد معصوم و بے گناہ افراد کو جاں بحق کئے جانے کے واقعہ کی شدید مذمت کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ خودکش بم دھماکے روز کا معمول بن گئے ہیں جن میں روزانہ درجنوں معصوم و بے گناہ نوجوان، بزرگ، خواتین اور بچے شہید ہورہے ہیں اور روزانہ معصوم و بے گناہ شہریوں کے خون سے ہولی کھیلی جارہی ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ اسلام سمیت دنیا کا کوئی مذہب اور قرآن مجید سمیت کوئی بھی الہامی کتاب معصوم انسانوں کا خون بہانے کا درس نہیں دیتی اور قرآن مجید میں تو ایک انسان کے قتل کو انسانیت کے قتل کے مترادف قرار دیا گیا ہے لہٰذا جو درندہ صفت عناصر بھی اسلام کے نام پر خودکش حملوں کے ذریعے معصوم پاکستانی مسلمانوں کا خون بہارہے ہیں وہ نہ صرف اسلام اور پاکستان ہی کے نہیں بلکہ انسانیت کے بھی کھلے دشمن ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ تسلسل کے ساتھ ہونے والے خودکش بم دھماکوں اور بے گناہ مسلمانوں کے خون سے کھیلی جانے والی ہولی سے پوری دنیا میں اسلام اور مسلمانوں کا امیج خراب ہورہا ہے۔ جناب الطاف حسین نے اورکزئی ایجنسی میں خودکش بم دھماکے میں جاں بحق ہونے والے درجنوں افراد کے لواحقین سے دلی افسوس کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی۔ انہوں نے حکومت سے ایک بار پھر مطالبہ کیا کہ خودکش بم دھماکوں اور عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں اور بے گناہ شہریوں کے خون سے ہولی کھیلنے والے عناصر کی بیخ کنی کی جائے۔

## رابطہ کمیٹی کی سگنل فری کوریڈور II کی تعمیر پر سٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال کو مبارکباد

## سگنل فری کوریڈور II کراچی کے شہریوں کیلئے حق پرست قیادت کی جانب سے ایک اور انمول تحفہ ہے۔ رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔10/اکتوبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے حق پرست قیادت کے سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کی کاوشوں اور گہری دلچسپی سے تعمیر ہونیوالی شاہراہ فیصل تا سرجانی ٹاؤن سگنل فری کوریڈور II کی انتہائی قلیل مدت میں تعمیر پر سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال اور ان کی پوری ٹیم کو دلی مبارکباد پیش کی ہے اور اسے کراچی کے شہریوں کیلئے حق پرست قیادت کی جانب سے ایک اور انمول تحفہ قرار دیا ہے۔ اپنے تہنیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ حق پرست قیادت قائد تحریک جناب الطاف حسین کی فکر و فلسفے پر عمل پیرا ہوکر بلاتفریق رنگ و نسل شہر کی تعمیر و ترقی کیلئے کوشاں ہے اور شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ان کے مسائل تیزی سے حل کررہی ہے یہی وجہ ہے کہ ہرگزرتے دن کے ساتھ شہر میں درجنوں مقامات پر فلائی اوور، انڈر بائی پاسز کی تعمیر، چمکتی سڑکوں اور خوبصورت بس اسٹاپس کی تعمیر، جدید مشینری اور ٹراما سینٹر کی سہولیات سے آراستہ اسپتال، پانی وسیوریج کی لائنوں کی تنصیب، اسکولز، کالجز سمیت دیگر ترقیاتی منصوبے تکمیل کو پہنچ چکے ہیں جبکہ اہم منصوبے ابھی پائے تکمیل کے آخری مراحل میں ہیں جس نے شہر کا نقشہ بدل رکھ دیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ نے کہا کہ حق پرست سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال، نائب سٹی ناظمہ محترمہ نسرین جلیل اور حق پرست قیادت کی جانب سے سگنل فری کوریڈور 1 کے بعد انتہائی قلیل مدت میں چار ارب سے زائد لاگت سے شاہراہ فیصل تا سرجانی ٹاؤن 19 کلومیٹر طویل سگنل فری کوریڈور II شہریوں کیلئے انمول تحفہ ہے جس سے نہ صرف ٹریفک حادثات اور آلودگی میں کمی واقع ہوگی، شہر کی ترقی اور خوبصورتی میں اضافہ ہوگا بلکہ شہریوں کا قیمتی وقت اور فیول کی مد میں صرف ہونیوالا بھاری سرمایہ بھی بچے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم عوامی نمائندہ جماعت ہے جو شروع دن سے عوام کے حقوق اور انکے مسائل کے حل کیلئے کوششیں کررہی ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ حق پرست قیادت جانب سے سگنل فری کوریڈور II کے افتتاح پر کراچی کے شہریوں کی جانب سے زبردست خیر مقدم کیا جارہا ہے اور شہری حق پرست قیادت کے شہر میں جاری تعمیر و ترقی سے استفادہ کررہے ہیں۔

## افغانستان کے مشیر خارجہ بہیم سلطان احمد کی ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات

## خطے میں امن واستحکام کے قیام اوردہشت گردی کے خلاف مشترکہ حکمت عملی تشکیل دینے کی ضرورت پر اتفاق

اسلام آباد۔۔۔10 اکتوبر2008ء

افغانستان کے مشیر خارجہ بہیم سلطان احمد کی سربراہی میں تین رکنی وفد نے اسلام آباد میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز اورقومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈرڈاکٹرمحمد فاروق ستار سے ملاقات کی۔ملاقات میں پاک افغان تعلقات،افغانی سفارتکارعبدالخالق فراحی کے اغواءاور ملک کی موجودہ سیاسی ومعاشی صورتحال سمیت دیگرامور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ڈاکٹرمحمد فاروق ستار نے افغانی وفدکوقائدتحریک جناب الطاف حسین اورایم کیوایم کی جانب سے اس معاملے پر بھرپورمدد کی یقین دہانی کرائی اوراس واقعے کی شدید مذمت کی۔دونوں وفود نے خطے میں امن واستحکام کے قیام اور دہشت گردی کے خلاف مشترکہ حکمت عملی تشکیل دینے کی ضرورت پر اتفاق کیا۔ملاقات میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ دہشت گردی کوروکنے اورمشترکہ دشمن کے عزائم کوناکام بنانے کیلئے دونوں ملکوں کی حکومتوں اورعوام کومتحد ہوکرکوششیں کی جانی چاہئیں۔دونوں وفود نے پاکستان میں حالیہ دہشت گردی کی لہرسرحداورقبائلی علاقوں کی صورتحال پرتشویش کا اظہارکیا۔

## پنجاب کے شہرلودھراں میں اندوہناک ٹریفک حادثے میں 25افراد کے جاں بحق ہونے پر رابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

کراچی ۔۔۔10اکتوبر2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے پنجاب کے شہرلودھراں میں اندوہناک ٹریفک حادثے میں 25افراد کے جاں بحق ہونے اورمتعددافراد کے زخمی ہونے پر دلی افسوس کا اظہارکیا ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے کارکنان وہمدردعوام اس ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہونے پرتعزیت کا اظہار کرتے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہونے والوں کواپنی جواررحمت میں جگہ دے اورلواحقین کوصبرجمیل عطا کرے اورزخمیوں کوصحتیاب کرے۔

☆☆☆☆☆

## پاکستان کوخطرات سے نکالنے کیلئے قائدتحریک کی تجویزوقت کی اہم ضرورت بھی ہے۔محبان پاکستان

ریاض۔۔۔10اکتوبر2008ء

محبان پاکستان مڈل ایسٹ کے کوآرڈی نیٹرشمشادعلی صدیقی اوراراکین کمیٹی نے پاکستان کودرپیش خطرات سے نکالنے کیلئے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے پیش کردہ گول میزکانفرنس کی تجویزکا زبردست خیرمقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک اس وقت انتہائی خلفشار کا شکار ہے لہٰذا ملک کی تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کوچاہیئے کہ وہ آپس کے تمام اختلافات کو بالائے طاق رکھ کے ملکی کی سلامتی اوراسکی بقا کیلئے ایک نکاتی ایجنڈے پرایک ہوجائیں۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم سیاست برائے خدمت پریقین رکھتی ہے اوراس نے ہمیشہ ملک کی بقاءاوراسکے استحکام کیلئے بات کی ہے لیکن افسوس کہ ایم کیوایم کی ہراس تجویزکونظرانداز کیا جا تا رہا جوملک کی بہتری کیلئے تھی۔انہوں نے کہا کہ یہ وقت ٹرین مارچ یااحتجاج کا نہیں ہے بلکہ افہام وتفہیم کے ذریعے ہروہ عمل کرنا چاہیئے جس سے ملک کی سلامتی وابستہ ہواور ہرمسائل کاحل پرامن اورخوش اسلوبی کے ساتھ نکل سکے۔شمشادعلی صدیقی اوراراکین کمیٹی نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی گول میزکانفرنس کی تجویز نہ صرف بروقت ہے بلکہ وقت کی اہم ضرورت بھی ہے لہٰذا حکومت کوچاہیئے کہ وہ فوراًاس تجویزپرعمل کرتے ہوئے آل پارٹیز گول میزکانفرنس کا انعقادکرے تاکہ ملک کوخطرات سے نکالنے کا کوئی مضبوط اورٹھوس حل نکل سکے۔

☆☆☆☆☆